فوری ریلیز کے لیے: 2023/11/8 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے قابل تجدید توانائی انضمام کے تکنیکی چیلنجوں کے حل کی نشاندہی کے لئے فیوچر گرڈ چیلنج کے تحت 11$ ملین ڈالر کی دستیابی کا اعلان کر دیا

راؤنڈ تین کے پراجیکٹس کو 5$ ملین ایوارڈ کر دیے گئے

الیکٹرک گرڈ کو جدید بنانے سے 2030 تک ماحولیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے 70 فیصد قابل تجدید بجلی حاصل کرنے کے ہدف کی حمایت ہوئی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج فیوچر گرڈ چیلنج کے چوتھے راؤنڈ کے دوران ان منصوبوں کے لئے 11$ ملین کی فنڈنگ کی دستیابی کا اعلان کیا جو بدلتے ہوئے توانائی کے وسائل کو برقی گرڈ میں ضم کرنے کے تکنیکی چیلنجوں کے حلوں کی نشاندہی کرتے ہیں۔ آج کے اعلان میں چیلنج کے تیسرے راؤنڈ کے تحت پروجیکٹ ایوارڈز کی مد میں 5$ ملین ڈالر سے زیادہ کی رقم بھی شامل ہے۔ بجلی کے گرڈ کو جدید بنانے سے بدلتے ہوئے موسموں اور آب و ہوا کے جواب میں اعتماد اور استحکام میں اضافہ ہوتا ہے، بجلی کی ترسیل بہتر بنتی ہے، اور سنہ 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید بجلی حاصل کرنے کے لئے نیو یارک کے ملک گیر کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ہدف کی حمایت ہوتی ہے۔

"نیو یارک اور پورے ملک میں شدید موسم والے واقعات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے مدنظر ہم اپنے الیکٹرک گرڈ کو جدید تر بنانے اور ٹیکنالوجیز کی ترقی کی حمایت کرنے کے لئے سخت محنت کر رہے ہیں جس سے انکے قابل اعتماد بننے کا عمل مزید بہتر بنے گا۔"**گورنر Hochul نے کہا۔** "قابل تجدید توانائی کے استعمال کے ساتھ اپنے گرڈ کو زیادہ سمارٹ، زیادہ مضبوط اور زیادہ صاف ستھرا بنا کر ہم اپنے توانائی کے نظام کے قابل اعتماد ہونے کی حیثیت کو یقینی بنا سکتے ہیں، فضول مادوں کے اخراج کو کم کر سکتے ہیں، اور نیو یارک کے باشندوں کے لئے زیادہ پائیدار مستقبل تشکیل دے سکتے ہیں۔"

نیو یارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (NYSERDA) کے زیر انتظام ، راؤنڈ چار کے تحت محققین، پراڈکٹ وینڈرز، اثاثہ منیجرز اور کنسلٹنٹس سمیت سنگل یا ٹیم فراہم کنندگان سے ایسی جدید ٹیکنالوجیز تیار کرنے یا ان کا عملی مظاہرہ کرنے کے لئے تجاویز طلب کی جاتی ہیں جو قابل اعتماد جدید توانائی ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن سسٹم کی حمایت کرنے والی ہوں۔ ان پراجیکٹس کو ایسا ہونا لازمی ہے کہ وہ بجلی بنانے کی لاگت میں کمی لائیں اور قابل تجدید توانائی کے انضمام کی مقدار کو بھی زیادہ سے زیادہ بڑھائیں، جبکہ ان سے ریاست کو اپنے پرعزم ماحولیاتی اہداف پورے کرنے میں بھی مدد ملنی چاہیے۔

ہر پروجیکٹ کے لئے اعلی ترجیحی گرڈ ٹیکنالوجیز والے حل سامنے لانے کے لئے 3$ ملین تک دستیاب ہیں بشمول:

- ٹرانسمیشن کا بہتر استعمال
- آپریشنل حالات سے متعلق آگاہی
- بجلی کی ڈسٹریبیوشن کے مینجمنٹ سسٹمز (DERMS)

- انورٹر پر مبنی وسائل کا انضمام
- پاور الیکٹرانکس
- گرڈ ماڈلنگ
- ڈیٹا تجزیات
- مصنوعی ذہانت/مشین لرننگ
- حفاظتی سسٹمز

تجاویز جمع کرانے کی آخری تاریخ 26 اکتوبر، 2023 کو شام 3:00 بجے تک ہے۔ اضافی معلومات اور متعلقہ دستاویزات کے لئے NYSERDA کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "کسی جدید ترین گرڈ کو موسم اور بجلی کے صارفین کی بدلتی ہوئی ضروریات سے لے کر ہوا اور شمسی جیسے قابل تجدید ذرائع سے توانائی قبول کرنے اور تقسیم کرنے کے لئے گرڈ کی صلاحیت تک ہر چیز کا لائیو ڈیٹا استعمال کرتے ہوئے متحرک طور پر مینیج کیا جاتا ہے۔ Future Grid Challenge کے تحت جن ٹیکنالوجیز کی معاونت کی جا رہی ہے وہ گرڈ کو جدید تر بنانے کے عمل میں تیزی لا رہی ہیں اور ساتھ ہی نیو یارک کے تمام باشندوں کو توانائی کے صاف ستھرے ذرائع فراہم کرنے میں مدد بھی دے رہی ہیں۔"

پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین اور سی ای او Rory M. Christian نے کہا, "میں گورنر Hochul کی جانب سے گرڈ کو جدید تر بنانے کے لئے ایک مضبوط راستہ تیار کرنے کے عزم کا معترف ہوں جس سے رہائشی اور کاروباری صارفین کی بدلتی ہوئی ضروریات پوری کرنے اور صاف اور قابل تجدید توانائی کے وسائل کے استعمال میں اضافہ کرنے کے عمل میں تیزی آئے گی۔"

راؤنڈ تین کے تحت ایوارڈ شدہ پراجیکٹس میں یہ شامل ہیں:

- **کلارکسن یونیورسٹی** - $399,000: ساحل سے دور والی سمندری ہوا کے لئے ہائی وولٹیج ڈائریکٹ کرنٹ میشڈ نیٹ ورک سے وابستہ استحکام اور قابل اعتماد خطرات کا جائزہ لینے کے لئے۔
- **Electric Power Research Institute**
- $397,000: سمندری ہوا کے بڑھتے ہوئے ادخال کے نتیجے میں ساحلی بجلی کے سسٹم کے منفرد حالات کی تحقیقات کے لئے۔
- $2.3 ملین: ایک کنٹرول مینجمنٹ سافٹ ویئر تیار کرنے کے لئے تاکہ شمسی، بیٹری اسٹوریج اور تقسیم شدہ توانائی کے دیگر وسائل (DERs) گرڈ کو مزید فوائد فراہم کر سکیں۔
- $400,000: اس امر کا مطالعہ کرنے کے لئے کہ توانائی اسٹوریج کی تعیناتی کس طرح ٹرانسمیشن اور سب ٹرانسمیشن نیٹ ورکس کے لئے گرڈ استحکام کے مسائل کو حل کر سکتی ہے۔
- **نیو یارک یونیورسٹی** - $187,000: ایسے طریقہ کار کا مطالعہ کرنے کے لئے جو دیکھ بھال اور مرمت کرنے والی خدمات میں خلل ڈالے بغیر پاور ٹرانسفارمر کے بڑے نقائص کا پتہ لگائے۔
- **Quanta Technology** - $400,000: اس امر کا مطالعہ کرنے کے لئے کہ بڑے قابل تجدید پیداوار کے پلانٹس میں واقع ذہین پاور الیکٹرانک آلات کو کس طرح بصری اور گرڈ آپریٹر صورتحال کی آگاہی کو مزید بہتر بنانے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- **Switched Source** - $1 ملین: کسی پاور الیکٹرانکس ڈیوائس کی اس کی صلاحیت کا مظاہرہ کرنے کے لئے کہ وہ کارکردگی بہتر بنانے، قابل تجدید ہوسٹنگ کی استعداد میں اضافہ کرنے، اور برقی گرڈ کی قابل اعتمادیت کو بہتر بنانے کے لئے کیا کچھ کر سکتی ہے۔

فیوچر گرڈ چیلنج (Future Grid Challenge) ان گرڈ ٹیکنالوجی کمپنیوں اور تحقیقی اداروں کو مالی اعانت فراہم کرتا ہے جو زیادہ سے زیادہ ریئل ٹائم سسٹم ڈیٹا کی ضرورت سے لے کر پاور گرڈ کی منصوبہ بندی اور آپریشنز میں اسمارٹ ٹیکنالوجیز اور انرجی اسٹوریج کو شامل کرنے تک والے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے تحقیق اور مطالعے

کرتی ہیں۔ اس پروگرام کے مقاصد میں ماحولیاتی ایکٹ کے اہداف کے حصول کے لئے درکار کارکردگی کے لئے توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانا، مزید قابل اعتماد بنانا، اور ترقی دینا جیسے امور بھی شامل ہیں جبکہ ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن سسٹم کی قابل اعتماد ہونے کی حیثیت یقینی بنانے، لاگت کم کرنے اور قابل تجدید توانائی کے تیزی سے انضمام کی اجازت دینے کے لئے جدید ٹکنالوجیوں کو فروغ دینا جیسے امور بھی اس کا جزو ہیں۔

یہ چیلنجز Joint Utilities of New York کے ممبران Con Edison, Central Hudson Gas & Electric, National Grid, New York State Electric and Gas, Rochester Gas & Electric اور Orange & Rockland اور Advanced Technology Working Group کی مشترکہ یوٹیلیٹیز کے اشتراک سے تیار کیا گیا ہے تاکہ قابل تجدید توانائی کے ذرائع کی مطابقت میں اضافہ کیا جا سکے اور ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن سسٹمز پر ان کے اثرات کو سمجھا جا سکے۔ باہم مل کر، یہ یوٹیلیٹیز پوری ریاست میں 13 ملین سے زیادہ گھروں، کاروباری اداروں اور سرکاری سہولیات کو برقی خدمات فراہم کرتی ہیں۔

آج کا یہ اعلان NYSERDA کے کامیاب Grid Modernization Program کو مزید آگے بڑھا رہا ہے جو 2026 تک مزید تحقیق، ترقی اور جدید حلوں کے لئے رقوم فراہم کرنے کے لئے مجموعی طور پر 133$ ملین ڈالر فراہم کرے گا تاکہ سمارٹ، جدید تر برقی گرڈ کی تعمیر و ترقی میں مدد ملے، رکاوٹیں دور کی جا سکیں، اور پاور گرڈ کے لئے جدید ٹکنالوجیوں کی بڑے پیمانے پر مکمل تعیناتی کے لئے ضروری یوٹیلٹی سرمایہ کاری کو فعال کیا جا سکے۔ 2016 کے بعد سے، NYSERDA کے اسمارٹ گرڈ پروگرام نے گرڈ ٹیکنالوجی کمپنیوں اور تحقیقی تنظیموں کو کم لاگت والے، اعلی درستگی والے گرڈ سینسرز، ماڈلنگ اور سمولیشن ٹولز، اور قابل تجدید توانائی کے وسائل کے انضمام کے لئے جدید انجینئرنگ حل نکالنے والے پراجیکٹس کے لئے 111 معاہدوں کے تحت تقریباً 65$ ملین کی فنڈنگ سے نوازا ہے۔ مزید NYSERDA کی ویب سائٹ پر جانیں۔

اس پہل کاری کے لیے فنڈنگ ریاست کے 10 سالہ، 6$ بلین والے Clean Energy Fund کے ذریعے فراہم کی گئی ہے۔ اس فنڈنگ کے بارے میں مزید معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ
ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40 فیصد ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے دستیاب بنائی جائیں۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے نیویارک 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاری کرنا اس تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 120 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 35$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 1$ بلین سے زائد، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط کو بھی اپنایا ہے، بشمول سنہ 2035 تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیے۔ تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 مصدقہ موسمیاتی سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور پوری ریاست میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ہوا کی نگرانی کرنے والی ریاست کی سب سے بڑی کمیونٹی پہل کاریوں کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف حاصل کرنے میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں